تبصرے

بابائے اُردو عبدالحق : مرتبۂ جناب عبداللطیف صاحب اعظمی۔
تقطیع خورد، ضخامت ۳۲۰ صفحات، کتابت وطباعت بہتر، قیمت مجلد ۴/۵۰
پتہ:- ادارۂ فروغ اُردو امین آباد، لکھنؤ۔

بیسویں صدی میں اُردو زبان وادب کی جو خدمت کمال شیفتگی و فریفتگی کے ساتھ مولوی عبدالحق نے کی ہے، اصل یہ ہے کہ اشخاص وافراد کا ذکر نہیں، اداروں اور جماعتوں تک نے نہیں کی، وہ بیک وقت اُردو کے نامور محقق، بلند پایہ ادیب اور انشاء پرداز، اعلیٰ درجہ کے نقاد، اور مصنف بھی تھے، اور زبان کے بے انتہا مخلص اور وفادار خادم بھی۔ انہیں اس زبان کے ساتھ محبت نہیں عشق تھا، جس کے لئے انھوں نے ہر ممکن قربانی سے کبھی دریغ نہیں کیا، مولوی صاحب کی ان خدمات کے اعتراف میں ۱۹۶۸ء میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کے طلباء کے رسالہ جوہر نے اپنا ایک خاص نمبر شائع کیا تھا، زیرِ تبصرہ کتاب انہیں مضامین اور اُن کے ساتھ چند اور مضامین کا جو مولوی صاحب کی وفات کے بعد مختلف رسالوں میں چھپے ہیں، ایک حسین مجموعہ ہے، کتاب تین حصوں پر تقسیم ہے۔

پہلے حصہ کا عنوان "سیرت اور شخصیت" ہے اور دوسرے اور تیسرے حصہ کا عنوان علی الترتیب "بابائے اُردو کے علمی کارنامے" اور "مکاتیب عبدالحق" ہیں، آخر میں مرحوم کے تعلق سے انجمن ترقی اُردو کی ایک سرگذشت بھی ہے جو معلومات افزا ہے۔ پہلے اور دوسرے حصہ میں جو مقالات